HBL PAKISTAN SUPER LEAGUE

# ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 2020کے لیے میڈیا ایکریڈیشن کا عمل شروع

- ایکریڈیشن کے لیے شرائط و ضوابط پریس ریلیز کے ساتھ موجود ہیں
- پی سی بی صرف میڈیا ادارے کے ایڈیٹر، اسائنمنٹ ایڈیٹر یا اسپورٹس ایڈیٹر کی جانب سے جاری کردہ لیٹر ہی منظور کرے گا
- تمام میڈیا ہاوسز سے درخواست ہے کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل سے متعلق کسی بھی خبر میں ایونٹ کا مکمل ٹائٹل درج کریں

**لاہور،14جنوری 2020ء:**

ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 2020کے لیے میڈیا ایکریڈیشن کے عمل کا آغاز ہوگیا ہے جو 26 جنوری بروز اتوار بوقت شام 5 بجے تک جاری رہے گا۔ پاکستان کرکٹ بورڈمقرر ہ وقت کے بعد جمع کرائی گئی کسی بھی درخواست کو قبول نہیں کرے گا۔

معزز میڈیا نمائندگان ایکریڈیشن کی درخواست جمع کرانے کے لیے یہاں کلک کریں۔ ایکریڈیشن کے لیے شرائط و ضوابط پریس ریلیز کے ساتھ موجود ہیں۔ میڈیا ایکریڈیشن کے لیے درخواست جمع کروانے سے قبل تمام میڈیا نمائندگان کاپی سی بی کی جانب سے تیار کردہ شرائط و ضوابط کو قبول کرنا لازمی ہوگا۔

کسی بھی میڈیا نمائندے کی جانب سے جمع کرائی گئی درخواست ان کی ایکریڈیشن کی ضمانت نہیں ہوگی کیونکہ میڈیا باکسز میں دستیاب محدود نشستوں کے باعث ایک شفاف عمل کے بعد ہی پی سی بی کسی بھی میڈیا نمائندے کو ایکریڈیشن جاری کرےگا۔ میڈیا ایکریڈیشن جاری کرتےہوئے پی سی بی کی ترجیح اس شہر سے تعلق رکھنے والے صحافی ہوں گے۔

نان رائٹس ہولڈرنیوز چینلزکے کیمرہ مین کو ٹورنامنٹ کے لیے ایکریڈیشن جاری کی جائے گی تاہم میچ ڈیز میں ویڈیو فوٹیج بنانے پر پابندی کے باعث صرف رپورٹرزہی

اسٹیڈیم میں میڈیا کے لیے مخصوص سہولیات استعمال کرسکتے ہیں۔ پی سی بی نےمیچ ڈیز میں نان رائٹس ہولڈرویڈیوگرافرز کے بیٹھنے کے لیے نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور اور حنیف محمد ہائی پرفارمنس سنٹر کراچی میں انتظامات کررکھے ہیں۔

واضح رہےکہ نان رائٹس ہولڈرویڈوگرافرز کو نان میچ ڈیز میں تربیتی سیشنز، کھلاڑیوں کے انٹرویوز، پری میچ میڈیا کانفرنسز اور پی ٹی سی ریکارڈ کرنےکی اجازت ہوگی۔

پی سی بی ، میچ ڈیز میں نان رائٹس ہولڈرٹیلی ویژن چینلز کو پوسٹ میچ پریس کانفرنسز ایڈیٹ کیئے بغیر فراہم کرے گا۔

بلاگرز اور سوشل میڈیا رپورٹرز کے لئے پی سی بی نے ایکریڈیشن کی پالیسی واضح کردی ہے۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے لیے ان بلاگرز یا سوشل میڈیا رپورٹرز کو ایکریڈیشن جاری کی جائے گی جن کے تمام (فیس بک، ٹوئیٹر اور انسٹاگرام) اکاؤنٹس کے فالوورز کی کل تعداد ایک لاکھ سے زائد ہوگی۔ علاوہ ازیں مذکورہ بالاگر یا سوشل میڈیا رپورٹر کے لیےپی سی بی ڈومیسٹک سیزن 20-2019بشمول سری لنکا کے خلاف ہوم سیریز کی رپورٹنگ کرنا بھی لازمی قرار دی گئی ہے۔

معروف اور بااثر کرکٹ ویب سائٹ کو میڈیا ایکریڈیشن جاری کیا جائے گا تاہم میڈیا کے لیے مقررہ شرائط و ضوابط کے تحت انہیں وینیو سے لائیو کوریج یا بال ٹو بال کمنٹری کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

محض درست اسائنمنٹ لیٹر فراہم کرنے والے فری لانسرز کو ہی ایکریڈیشن جاری کیا جائے گا۔

پی سی بی ،ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے رائٹس پروٹکشن کی خلاف ورزی کرنے والے صحافی کے خلاف ایکشن لینے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

**پاکستان کرکٹ بورڈ، میڈیا ہاؤس کے ایڈیٹر، اسائنمنٹ ایڈیٹر یا اسپورٹس ایڈیٹر کے علاوہ کسی نمائندے سے جاری کردہ لیٹر یا کسی بھی طریقے سے نامکمل درخواست کو مسترد کرنے کا صوابدیدی حق محفوظ رکھتا ہے۔**

**ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے لیے ایکریڈیشن:**

- انٹرنیشنل یا مقامی نیوز ایجنسی کے زیادہ سے زیادہ 2رپورٹرز اور 2 فوٹوگرافرز
- معروف روزنامہ کے زیادہ سے زیادہ 2رپورٹرز اور 2 فوٹوگرافرز

- نان رائٹس ہولڈرنیشنل ٹی وی نیوز چینلز کےزیادہ سے زیادہ 2رپورٹرز
- معروف ویب سائٹ کے زیادہ سے زیادہ 2رپورٹرز اور 2 فوٹوگرافرز
- شہری یا مقامی روزنامہ کے زیادہ سے زیادہ 1رپورٹر اور 1 فوٹوگرافر
- نان رائٹس ہولڈر سٹی ٹی وی نیوز چینلز کازیادہ سے زیادہ 1رپورٹر
- نان رائٹس ہولڈر ریڈیوچینلز کازیادہ سے زیادہ ایک رپورٹر
- ماہوار یا ہفتہ وار کرکٹ میگزین کے زیادہ سے زیادہ ایک رپورٹر اور ایک فوٹوگرافر
- سوشل میڈیا اکٹیوسٹ اور بلاگر جن کے تمام اکاؤنٹس پر کل فالوورز کی تعداد ایک لاکھ سے زائد ہو اور وہ حالیہ ڈومیسٹک سیزن کو رپورٹ کرچکے ہوں

**شیڈول:**

**20 فروری:**

کوئٹہ گلیڈی ایٹرز بمقابلہ اسلام آباد یونائیٹڈ بمقام نیشنل اسٹیڈیم کراچی (میچ کےآغاز کا وقت جلد جاری کردیا جائے گا)

**21 فروری :**

دوپہر 2 تا شام 5:15بجے: کراچی کنگز بمقابلہ پشاور زلمی بمقام نیشنل اسٹیڈیم کراچی
شام 7 تا رات 10:15 بجے: لاہور قلندرز بمقابلہ ملتان سلطانزبمقام قذافی اسٹیڈیم لاہور

**22 فروری:**

دوپہر 2 تا شام 5:15بجے: کوئٹہ گلیڈی ایٹرز بمقابلہ پشاور زلمی بمقام نیشنل اسٹیڈیم کراچی
شام 7 تا رات 10:15 بجے: اسلام آباد یونائیٹڈ بمقابلہ ملتان سلطانزبمقام قذافی اسٹیڈیم لاہور

**23 فروری:**

دوپہر 2 تا شام 5:15بجے: کراچی کنگز بمقابلہ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز بمقام نیشنل اسٹیڈیم کراچی
شام 7 تا رات 10:15 بجے: لاہور قلندرز بمقابلہ اسلام آباد یونائیٹڈبمقام قذافی اسٹیڈیم لاہور

**26 فروری:**

شام 7 تا رات 10:15 بجے: ملتان سلطانز بمقابلہ پشاور زلمی بمقام ملتان کرکٹ اسٹیڈیم

**27 فروری:**

شام 7 تا رات 10:15 بجے: اسلام آباد یونائیٹڈ بمقابلہ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز بمقام پنڈی اسٹیڈیم راولپنڈی

**28 فروری:**

دوپہر 2 تا شام 5:15بجے: ملتان سلطانز بمقابلہ کراچی کنگز بمقام ملتان کرکٹ اسٹیڈیم
شام 7 تا رات 10:15 بجے: پشاور زلمی بمقابلہ لاہور قلندرز بمقام پنڈی اسٹیڈیم راولپنڈی

**29 فروری:**

دوپہر 2 تا شام 5:15بجے: ملتان سلطانز بمقابلہ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز بمقام ملتان کرکٹ اسٹیڈیم
شام 7 تا رات 10:15 بجے: اسلام آباد یونائیٹڈ بمقابلہ پشاور زلمی بمقام پنڈی اسٹیڈیم راولپنڈی

**یکم مارچ:**

شام 7 تا رات 10:15 بجے: اسلام آباد یونائیٹڈ بمقابلہ کراچی کنگز بمقام پنڈی اسٹیڈیم راولپنڈی

**2 مارچ:**

شام 7 تا رات 10:15 بجے: پشاور زلمی بمقابلہ کراچی کنگز بمقام پنڈی اسٹیڈیم راولپنڈی

**3 مارچ:**

شام 7 تا رات 10:15 بجے: کوئٹہ گلیڈی ایٹرز بمقابلہ لاہور قلندرز بمقام قذافی اسٹیڈیم لاہور

**4 مارچ:**

شام 7 تا رات 10:15 بجے: اسلام آباد یونائیٹڈ بمقابلہ لاہور قلندرز بمقام قذافی اسٹیڈیم لاہور

**5 مارچ:**

شام 7 تا رات 10:15 بجے: پشاور زلمی بمقابلہ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز بمقام پنڈی اسٹیڈیم راولپنڈی

**6 مارچ:**

شام 7 تا رات 10:15 بجے: کراچی کنگز بمقابلہ ملتان سلطانز بمقام قذافی اسٹیڈیم لاہور

**7 مارچ:**

دوپہر 2 تا شام 5:15: پشاور زلمی بمقابلہ اسلام آباد یونائیٹڈ بمقام پنڈی اسٹیڈیم راولپنڈی
شام 7 تا رات 10:15 بجے: لاہور قلندرز بمقابلہ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز بمقام قذافی اسٹیڈیم لاہور

**8 مارچ:**

دوپہر 2 تا شام 5:15بجے: ملتان سلطانز بمقابلہ اسلام آباد یونائیٹڈ بمقام پنڈی اسٹیڈیم راولپنڈی
شام 7 تا رات 10:15 بجے: لاہور قلندرز بمقابلہ کراچی کنگز بمقام قذافی اسٹیڈیم لاہور

**10 مارچ:**

شام 7 تا رات 10:15 بجے: لاہور قلندرز بمقابلہ پشاور زلمی بمقام قذافی اسٹیڈیم لاہور

**11 مارچ:**

شام 7 تا رات 10:15 بجے: کوئٹہ گلیڈی ایٹرز بمقابلہ ملتان سلطانز بمقام قذافی اسٹیڈیم لاہور

**12 مارچ:**

شام 7 تا رات 10:15 بجے: کراچی کنگز بمقابلہ لاہور قلندرز بمقام نیشنل اسٹیڈیم کراچی

**13 مارچ:**

شام 7 تا رات 10:15 بجے: پشاور زلمی بمقابلہ ملتان سلطانز بمقام نیشنل اسٹیڈیم کراچی

**14 مارچ:**

شام 7 تا رات 10:15 بجے: کراچی کنگز بمقابلہ اسلام آباد یونائیٹڈ بمقام نیشنل اسٹیڈیم کراچی

**15 مارچ:**

دوپہر 2 تا شام 5:15بجے: ملتان سلطانز بمقابلہ لاہور قلندرز بمقام قذافی اسٹیڈیم لاہور
شام 7 تا رات 10:15 بجے: کوئٹہ گلیڈی ایٹرز بمقابلہ کراچی کنگز بمقام نیشنل اسٹیڈیم کراچی

**17 مارچ:**

شام 7 تا رات 10:15 بجے: کوالیفائر (ون بمقابلہ ٹو) بمقام نیشنل اسٹیڈیم کراچی

**18 مارچ:**

شام 7 تا رات 10:15 بجے: ایلیمنٹر ون (تھری بمقابلہ فور) بمقام قذافی اسٹیڈیم لاہور

**20 مارچ:**

شام 7 تا رات 10:15 بجے: ایلیمنٹر ٹو (کوالیفائر کی لوزر بمقابلہ ایلیمنٹر کی ونر) بمقام قذافی اسٹیڈیم لاہور

**22 مارچ:**

فائنل بمقام قذافی اسٹیڈیم لاہور (میچ کےآغاز کا وقت جلد جاری کردیا جائے گا)

## ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے بارے میں:

- ہر اسکواڈ میں کم از کم 16 اور زیادہ سے زیادہ 18 کھلاڑی شامل ہوں گے۔ اسکواڈ میں شامل کھلاڑیوں کی ترتیب کچھ یوں ہیں: تین پلاٹینم، تین ڈائمنڈ، تین گولڈ، پانچ سلور، دو ایمرجنگ اور دو سپلمنٹری(اختیاری)۔
- 16 رکنی اسکواڈ میں 11 مقامی اور 5 غیرملکی کھلاڑیوں کی شمولیت لازمی ہوگی تاہم 18 رکنی اسکواڈ میں کھلاڑیوں کی ترتیب 2 آرڈر میں کی جاسکتی ہے۔اسکواڈ میں یا تو 12 مقامی اور 6 غیرملکی کھلاڑی ہوں گے یا پھر 13 مقامی اور 5 غیرملکی کھلاڑی شامل ہوں گے۔
- پلیئنگ الیون میں کم از کم 3 اور زیادہ سے زیادہ 4غیرملکی کھلاڑیوں کی شرکت لازمی ہوگی۔
- ہر فرنچائز ایک کھلاڑی کوایمبسڈر ز اور ایک کو مینٹورز مقرر کرسکتی ہے۔
- نظرثانی شدہ سیلری کیپس:
  - پلاٹینم: 23 ملین - 34 ملین پاکستانی روپے( 147 ہزار تا218 ہزارامریکی ر ڈالر)
  - ڈائمنڈ:11.5 ملین - 16 ملین پاکستانی روپے( 73 ہزار تا103 ہزارامریکی ر ڈالر)
  - گولڈ: 6.9ملین - 8.9ملین پاکستانی روپے( 44ہزار تا58 ہزارامریکی ر ڈالر)
  - سلور: 2.4 ملین - 5.4ملین پاکستانی روپے( 15 ہزار تا35 ہزارامریکی ر ڈالر)
  - ایمرجنگ: 1ملین - 1.5ملین پاکستان روپے( 6.5ہزار تا9.5 ہزارامریکی ر ڈالر)

– ENDS –


Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk



**ABOUT THE PCB**

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4